# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

**Mid-Term**

## Islamiat Grade 4

**School Name:** ______________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : c | Q. No.2 : b | Q. No.3 : b |
| Q. No.4 : c | Q. No.5 : a | Q. No.6 : c |
| Q. No.7 : a | Q. No.8 : b | Q. No.9 : b |
| Q. No.10 : b | | |

## ANSWERS / RUBRICS

**Question No: 11**

سوال نمبر 11

**a ) What is meant by punctuality ? (3)**

وقت کی پابندی سے کیا مراد ہے؟(3)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔

جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی مثال

ہر کام کو اس کے مقررہ وقت پر کرنا وقت کی پابندی کہلاتا ہے۔

**Write translation of an Ayah of Quran Majeed about punctuality. (3)**

پابندی وقت کے بارے میں قرآنی آیت کا ترجمہ تحریر کریں۔(3)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔

جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی مثال

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"بے شک نماز مومنوں پر مقررہ وقت پر فرض ہے۔"

**Write down the four advantages of punctuality. (4)**

پابندی وقت کے چار فوائد تحریر کریں۔(4)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔
جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
پابندی وقت کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں
پابندی وقت سے ہم تمام عبادات اچھے انداز سے کر سکتے ہیں۔
ایک طالب علم وقت کی پابندی سے امتحان میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔
رات کو وقت پر سونے اور صبح وقت پر اٹھنے سے انسانی صحت بحال رہتی ہے۔
وقت کی پابندی سے انسان کے تمام کام اچھے انداز سے سرانجام پاتے ہیں۔

**Question No: 12**

---

سوال نمبر 12

---

**a ) Write the meanings of simplicity. (2)**

سادگی کا مفہوم تحریر کریں۔ (2)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
بناوٹ سے پاک زندگی بسر کرنا اور ضرورت سے زیادہ خرچ نہ کرنا کہلاتا ہے۔

**Give two examples of simplicity from the life of Rasoolullah خاتم النبین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم.**
**(4)**

اُسوۂ حسنہ سے سادگی کی دو مثالیں پیش کریں۔ (4)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
نبی اکرم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی زندگی اعلیٰ اخلاقی صفات کا بہترین نمونہ ہے۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم دنیا کے بہترین انسان ہیں۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے زندگی بھر کبھی تکلف اور بناوٹ سے کام نہ لیا۔ جو مل جاتا وہ زیب تن کر لیتے۔ گھر میں جو چیز کھانے کے لیے میسر ہوتی وہ کھانے میں کوئی عار نہیں سمجھتے۔

**Write down four advantages of simplicity.(4)**

سادگی کے چار فوائد تحریر کریں۔ (4)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
سادگی اختیار کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔ سادگی اختیار کرنے سے زندگی میں آسانی اور سہولت پیدا ہوتی ہے۔ سادگی اپنانے سے مالی پریشانیوں کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ سادگی اختیار کرنے سے انسان حرام کمائی سے محفوظ رہتا ہے۔

**Question No: 13**

---

سوال نمبر 13

---

**a ) What is meant by punctuality? (2)**

وقت کی پابندی سے کیا مراد ہے؟ (2)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 نمبر دیا جائے۔ بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
ہر کام کو اس کے مقرر کردہ وقت پر کرنا وقت کی پابندی کہلاتا ہے۔

**Punctuality is a necessary condition for prayer, prove with an Ayah from Qur'an e Majeed. (3)**

نماز کے لئے وقت کی پابندی لازمی شرط ہے۔ قرآن مجید کی آیت مبارکہ سے ثابت کریں۔ (3)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیے جائیں. بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
نماز کو اس کے وقت پر ادا کرنا لازم قرار دیا گیا ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ
"بے شک نماز مومنوں پر مقررہ وقت پر فرض ہے۔"

**Seeing everything in the universe obeying time, what attitude should we adopt? (5)**

کائنات کی ہر شے کو وقت کی پابندی کرتے ہوئے دیکھ کر ہمیں کیا رویہ اختیار کرنا چاہیئے؟ (5)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (5) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 4 نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
کائنات کی ہر شے وقت کی پابند ہے۔ عبادات مثلاً نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، سب کے لئے اوقات مقرر ہیں۔ سورج اور چاند اپنے اپنے وقت پر طلوع اور غروب ہوتے ہیں۔ دن اور رات، گرمی اور سردی تمام موسم اپنے وقت پر آتے اور ختم ہوتے ہیں۔ اسی طرح تعلیمی میدان میں امتحانات اور نتائج وغیرہ کا بھی وقت مقرر ہے غرض یہ کہ کائنات کا ہر کام وقت کی پابندی کا محتاج ہے۔ ہمیں بھی چاہیئے کہ ہم ہر کام کو وقت مقررہ پر کرنے کی عادت ڈالیں۔